© rasailojaraid.com



# ادبیات

## سلام

(تاباںؔ القادری)

جلوۂ صبحِ بہاراں السّلام رونقِ شامِ گلستاں السّلام

السلام اے ماہِ ذیشاں السّلام السلام اے نورِ یزداں السلام

السلام اے رہنمائے راہِ دیں السلام اے قبلۂ اہلِ یقیں

ناخدائے کشتیِ ایماں سلام ردِ کلفت، دافعِ عصیاں سلام

ساقیِ مے خانۂ وحدت سلام فخرِ مومن نازشِ ملّت سلام

السّلام اے چشمۂ جود و سخا السلام اے منبعِ لطف و عطا

ساغرِ رندانِ الفت السّلام جامِ صہبائے صداقت السّلام

ابرِ رحمت ظلِ سبحانی سلام بارشِ الطافِ ربانی سلام

السلام اے پرتوِ مطلوبِ دل السلام اے جلوۂ محبوبِ دل

السلام اے ماہِ ذیشاں السّلام السّلام اے جانِ تاباںؔ السّلام

## "شاہی ویرانوں میں ایک رات"

(شمس نوید)

اُف یہ شاہانِ اودھ کے مرمریں محلوں کا حال عظمتِ رفتہ کے دھندلائے نشاں۔ ٹوٹے کھنڈر



© rasailojaraid.com